Aag, Lucknow 12-9-23

# اردو یونیورسٹی میں صنفی حساسیت پر کورس کا اختتام



حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، یو جی سی مرکز فروغ انسانی وسائل (ایچ آر ڈی سی) کے زیر اہتمام "صنفی حساسیت" کے موضوع پر مختصر مدتی کورس کا 9 رستمبر کو اختتام عمل میں آیا۔ ایک ہفتہ طویل پروگرام اساتذہ میں صنفی حساسیت پیدا کرنے کیلئے یو جی سی کی پہل کا حصہ تھا۔ اس کا مقصد مرد و خواتین کی سماجی ہم آہنگی اور صنفی تشدد پر اساتذہ میں تنقیدی نقطۂ نظر پیدا کرنے میں مدد کرنا تھا۔ کورس میں متعدد مسائل جیسے کام کی جگہوں پر جنسی ہراسانی کی نشاندہی، جنسی ہراسانی سے مقابلے کے طریقے، کلاس روم میں شمولیتی طریقۂ کار، ہندوستان کی انتخابی سیاست میں خواتین کا رول، مقبول سنیما میں خواتین، تشدد کو دیکھنے کے صنفی نقطۂ نظر پر روشنی ڈالی گئی۔ یونیورسٹی آف حیدرآباد، ٹاٹا انسٹیٹیوٹ آف سوشیل سائنس اور اردو یونیورسٹی کے اساتذہ نے ریسورس پرسن کے طور پر شرکت کی۔ تلنگانہ، مہاراشٹرا اور کرناٹک کے 21 شرکاء جن میں زیادہ تر اسسٹنٹ پروفیسرس تھے نے کورس مکمل کیا۔ پروفیسر سنیم فاطمہ، ڈائرکٹر مرکز نے کہا کہ ہم نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ شرکاء اپنے میدان کی تازہ ترین تبدیلیوں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ کورس میں شریک جی نارائن، اسسٹنٹ پروفیسر معاشیات، گورنمنٹ ڈگری کالج، سنگاریڈی نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے مرکز میں یہ میرا دوسرا پروگرام ہے۔ یہ پروگرام میرے لیے چشم کشا رہا۔

Saeban, Delhi 12-9-23

# موزوں ہدف کا تعین اور سخت محنت کیریئر میں کامیابی کی ضمانت۔ اے کے خان

## مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں طلبہ تعارفی پروگرام میں مشیر حکومتِ تلنگانہ، پروفیسر اشتیاق احمد و دیگر کا خطاب



حیدرآباد (پریس نوٹ) موزوں ہدف کا تعین اور اس کے حصول کے لیے سخت محنت کیریئر میں کامیابی کی ضمانت ہے۔ طلبہ کے لیے یہ بے حد ضروری ہے کہ وہ اپنی اہلیت وصلاحیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے کیریئر کے لیے مناسب ہدف طے کریں اور اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے بھرپور محنت کریں۔ اگر وہ صحیح سمت میں محنت کریں گے اور اپنے وقت کا مناسب استعمال کریں گے تو کامیابی یقینی ہے۔" ان خیالات کا اظہار جناب اے کے خان، آئی پی ایس، مشیر برائے اقلیتی امور، حکومت تلنگانہ نے کل سہ پہر ڈین بہبودی طلبہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے نظامت فاصلاتی تعلیم کے آغا حشر کاشمیری آڈیٹوریم میں منعقدہ طلبہ تعارفی پروگرام [illegible] میں اپنے خطاب کے دوران کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ طلبہ کو اپنا جائزہ لینا چاہیے کہ وہ کس میدان میں زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔ اپنی اہلیت کے مطابق ہدف کا تعین کریں۔ اس کے بعد اس کے حصول کے لیے حکمت عملی تیار کریں۔ اس ضمن میں والدین، دیگر افراد خانہ اور اساتذہ کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی بے حد ضروری ہے۔ آج مسابقت بہت زیادہ ہے اس لیے طلبہ کو اپنی ناکامی سے گھبرانا نہیں چاہیے بلکہ عزم مصمم، خلوص اور لگن کے ساتھ اپنی تیاری میں مصروف رہنا چاہیے۔ انھوں نے گوگل کے سی ای او سندر پچائی، تیراکی چیمپئن، مائکل فیلپس، کرکٹر سچن تنڈولکر اور ایتھلیٹ اسین بولٹ کی مثالیں بھی دیں جنھوں نے محنت اور کوشش کی اور اپنی خداداد صلاحیتوں اور جسمانی طاقت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مختلف میدانوں میں کامیابی حاصل کی۔ پروفیسر ایچ سہیل، صدر شعبہ [illegible] کالج آف لا نے بھی خطاب کیا۔ جلسے کی صدارت یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے کی۔ انھوں نے کہا کہ نئے تعلیمی سال کے آغاز کے موقع پر یونیورسٹی نے جناب اے کے خان کو مدعو کیا ہے جو اپنی محنت، ایمانداری اور اعلیٰ کارکردگی کی بدولت ہماری قوم و کمیونٹی کے لیے مشعل راہ ہیں۔ بلاشبہ ہمارے طلبہ کو ایک رول ماڈل سے روبرو ہونے اور ان کی باتیں سن کر تعلیمی میدان میں کامیابی حاصل کرنے کی ترغیب ملے گی۔ ڈین بہبودی طلبہ پروفیسر سید علیم اشرف جائسی نے تمام مدعوئین کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا کی واحد اردو یونیورسٹی کے طلبہ وطالبات کی کامیابی کے لیے اساتذہ کی موثر تدریس کے ساتھ ساتھ جناب اے کے خان جیسے کامیاب ایڈمنسٹریٹر کے مشوروں اور کیریئر کونسلنگ کی بھی بہت ضرورت ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آئندہ بھی وہ ہمارے طلبہ کو اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہیں گے۔ جلسے کی کارروائی ڈپٹی ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر اور صدر نشین طلبہ تعارفی پروگرام کمیٹی ڈاکٹر خواجہ محمد ضیاء الدین نے چلائی۔ اس موقع پر یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ اس سے قبل پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے 5 ستمبر کو پروگرام کا افتتاح کیا۔

الحباب
alhubab
بدھ، 13/ستمبر، 2023

# دستیاب سہولتوں سے بھرپور استفادہ طلبہ کے لیے ضروری، اردو یونیورسٹی میں چھ روزہ طلبہ تعارفی پروگرام کا اختتام



حیدرآباد، 12/ستمبر (پریس نوٹ) ''کلاس روم میں تحصیل علم کے ساتھ ساتھ کھیل کود اور ثقافتی سرگرمیوں میں بھی طلبہ کو ذوق وشوق کے ساتھ شرکت کرنی چاہیے۔ اس کے بغیر ان کی ہمہ جہت ترقی ممکن نہیں ہے۔ خود کو صحت مند رکھنے اور تعلیمی مشاغل میں یکسوئی لانے کے لیے بھی کھیل کود میں حصہ لینا ضروری ہے۔ ہماری یونیورسٹی میں کھیل کود کی تمام ضروری سہولیات اور مختلف کھیلوں کے کوچ موجود ہیں۔ ان سے استفادہ کرکے طلبہ کھیل کے میدان میں بھی اپنا کیریئر بنا سکتے ہیں۔'' ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر خواجہ محمد ضیاء الدین، ڈپٹی ڈین بہبودی طلبہ اور صدر نشیں طلبہ تعارفی پروگرام نے کل ڈین بہبودی طلبہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے منصور علی خاں پٹودی انڈور اسٹیڈیم میں منعقدہ نئے طلبہ کے تعارفی پروگرام دیکشارمبھ کے اختتامی پروگرام میں کیا۔ اس موقعے پر ڈپٹی ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس ڈاکٹر اے کلیم اللہ نے طلبہ کو یونیورسٹی میں موجود کھیل کود کی سہولتوں اور نظم وضبط کی اہمیت وغیرہ سے واقف کرایا۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ یونیورسٹی کے طلبہ کو براہ راست زونل مقابلوں میں حصہ لینے کا موقع ملتا ہے جبکہ دیگر اداروں کے طلبہ کو سخت مسابقت سے گزرنا پڑتا ہے۔ ڈاکٹر فردوس تبسم اسسٹنٹ پروفیسر فزیکل ایجوکیشن، شعبۂ تعلیم وتربیت نے طلبہ سے مختلف سرگرمیاں کرائیں اور پروگرام کی کارروائی چلائی۔ پروگرام میں اسپورٹس کمیٹی کے اراکین جناب حبیب احمد میوزیم کیوریٹر، جناب عامر بدر پروڈیوسر اور دیگر افراد کے علاوہ کرکٹ، فٹ بال اور بیڈمنٹن کے کوچ بھی موجود تھے۔ اس موقعے پر یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلباء وطالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ 5/ستمبر کو شروع ہونے والے اس 6 روزہ تعارفی پروگرام میں طلبہ کی رہنمائی، کیریئر کونسلنگ، یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا تعارف، داخلی شکایات کمیٹی اور قوانین، صنفی حساسیت پر لیکچر، صنف اور قانون پر خطاب، مقامی تہذیب وثقافت سے آگاہی جیسے مختلف پروگرام منعقد کیے گئے۔

Asre Hazir 13-9-23

# مانو میں سیاسیات کی فرہنگ کی تیاری کے لیے ورکشاپ کا آغاز



حیدرآباد، 12 ستمبر (پریس نوٹ) اردو زبان میں مختلف علوم کی اصطلاحات پر مبنی سہ لسانی فرہنگ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مانو ہمیشہ اس طرح کے ورکشاپس کا انعقاد کرتی رہی ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے 5 روزہ سیاسیات کی سہ لسانی فرہنگ (انگریزی، ہندی اور اردو) کی تیاری کے لیے یونیورسٹی میں جاری 5 روزہ ورکشاپ کی افتتاحی تقریب میں کل اظہار خیال کرتے ہوئے زبان اور سیاسیات کی فرہنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ کمیشن برائے سائنٹفک اینڈ ٹیکنیکل ٹرمنالوجی (سی ایس ٹی ٹی)، وزارت تعلیم، حکومت ہند کے تعاون سے ورکشاپ کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ پروفیسر گریش ناتھ جھا، صدرنشین، سی ایس ٹی ٹی نے اپنے خطاب میں بتایا کہ علم سیاسیات کی جو فرہنگ تیار کی جارہی ہے وہ جلد ہی سبھی کے لیے دستیاب ہوگی۔ یہ قومی تعلیمی پالیسی کے تحت درس وتدریس میں کارآمد ثابت ہوگی۔ پروفیسر امتیاز حسنین، مولانا آزاد چیئر نے فرہنگ پر تبصرہ کرتے ہوئے اسے طلبہ کے لیے کافی کارآمد قرار دیا۔ ورکشاپ کے مہمان اعزازی ڈاکٹر شہزاد عالم انصاری، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، سی ایس ٹی ٹی نے فرہنگ کی تفصیل بتائی اور ادارے کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے ورکشاپ کے متعلق تفصیلات پیش کیں۔ پروفیسر افروز عالم، صدر شعبہ سیاسیات نے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر خورشید عالم، اسسٹنٹ پروفیسر سیاسیات وکوارڈینیٹر ورکشاپ نے کارروائی چلائی۔

Saeban 13.09.2023.

روزنامہ SAEBAN دہلی
URDU DAILY, DELHI
سائبان

# اردو یونیورسٹی میں صنفی حساسیت پر کورس کا اختتام



حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، یو جی سی مرکز فروغ انسانی وسائل (ایچ آر ڈی سی) کے زیر اہتمام "صنفی حساسیت" کے موضوع پر مختصر مدتی کورس کا 9/ستمبر کو اختتام عمل میں آیا۔ ایک ہفتہ طویل پروگرام اساتذہ میں صنفی حساسیت پیدا کرنے کے لیے یو جی سی کی پہل کا حصہ تھا۔ اس کا مقصد مرد و خواتین کی سماجی ہم آہنگی اور صنفی تشدد پر اساتذہ میں تنقیدی نقطۂ نظر پیدا کرنے میں مدد کرنا تھا۔ کورس میں متعدد مسائل جیسے کام کی جگہوں پر جنسی ہراسانی کی نشاندہی، جنسی ہراسانی سے مقابلے کے طریقے، کلاس روم میں شمولیتی طریقۂ کار، ہندوستان کی انتخابی سیاست میں خواتین کا رول، مقبول سنیما میں خواتین، تشدد کو دیکھنے کے صنفی نقطۂ نظر پر روشنی ڈالی گئی۔

# "Multilingual glossary of different subjects in Urdu language is the need of the hour," Manuu Vice Chancellor



**By Voiceup Media** **Sep 12, 2023**

Hyderabad: "Multilingual glossary of different subjects in Urdu language is the need of hour and MANUU has always supported such efforts," said, Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor, Maulana Azad National Urdu University in the inaugural session of the 5-day workshop organized for preparation of the trilingual Glossary (English, Urdu, Hindi) of Political Science.

The workshop conducted in collaboration with the Commission of Scientific and Technical Terminology (CSTT), Ministry of Education, GoI. Workshop started on September 11.

Prof. Girishnath Jha, Chairman, CSTT said that the Glossary being developed will soon be available to all.

"It will be useful in teaching under the National Education Policy," he said.

Prof. Imtiaz Hasnain, Maulana Azad Chair, described the glossary as useful for students.

Mr. Shahzad Alam Ansari, Assistant Director, CSTT, while highlighting the importance of the glossary spoke about the objectives of the workshop.

Prof. Afroz Alam, Head, Department of Political Science also spoke on the occasion. Dr. Md. Khurshid Alam, Assistant Professor, Political Science & Workshop coordinator convened the programme.

**Deeksharambh Programme concludes**

"Students should also participate in sports and cultural activities beside learning in the classroom with enthusiasm. Their all-round development will be incomplete without these activities. Sports is also important to keep oneself healthy and focussed. Our university has all the necessary sports facilities. With the services coaches for various sports, students can make their career in sports also." said, Dr. K. M. Ziauddin, Deputy Dean, Students Welfare, Chairman Students Induction Programme (SIP), Maulana Azad National Urdu University during the concluding session of Deeksharambh.

Dr. Kaleemullah, Deputy Director, Directorate of Physical Education and Sports informed the students about the sports facilities in the university and the importance of maintaining discipline.

He also informed that MANUU students get the opportunity to directly participate at zonal level competitions while students from other institutions have to go through tough competition.

Dr. Firdous Tabasum, Assistant Professor Physical Education conducted proceedings. Sports Committee members Mr. Habeeb Ahmed, Museum Curator, Mr. Amir Badar, Producer and coaches of Cricket, Football and Badminton were also present.

Mentorship, Career counselling, introduction to various departments of the university, internal complaints committee and rules, lectures on gender sensitivity, gender and law, awareness of local culture and traditions etc., were part of activities during 6-day SIP started on September 5.

Various programs were organized and the newly admitted students were encouraged to carry out their academic activities with more responsibility and dutifulness.

THE SIASAT DAILY

# MANUU holds workshop on English-Urdu-Hindi dictionary



**Hyderabad:** A multilingual glossary of different subjects in the Urdu language is the need of the hour. MANUU has always supported such efforts.

These views were expressed by Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor, Maulana Azad National Urdu University in the inaugural session of the 5-day workshop organized for the preparation of the trilingual Glossary (English, Urdu, Hindi) of Political Science. The workshop is being conducted in collaboration with the Commission of Scientific and Technical Terminology (CSTT), Union Ministry of Education.
The workshop started on the 11th of September.

Prof. Girishnath Jha, Chairman, CSTT in his address said that the Glossary being developed will soon be available to all. It will be useful in teaching under the National Education Policy.

Prof. Imtiaz Hasnain, Maulana Azad Chair, described the glossary as beneficial for all, especially the students.

Shahzad Alam Ansari, Assistant Director, CSTT, gave the details about the objectives of the workshop.

Prof Afroz Alam, Head of the Department of Political Science also spoke on the occasion. Md. Khurshid Alam, Assistant Professor, Political Science, and workshop coordinator convened the programme.